وزیراعظم کی برطانیہ کے وزیراعظم سے ملاقات

21 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 21 مئی 2023 کو ہیروشیما میں G-7 سربراہی اجلاس کے موقع پر برطانیہ کے وزیر اعظم عزت مآب جناب رشی سنک سے ملاقات کی۔

2۔ دونوں رہنماؤں نے اپنی جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ بشمول ہندوستان-برطانیہ ایف ٹی اے مذاکرات میں پیش رفت کا جائزہ لیا۔

3۔دونوں رہنماؤں نے تجارت اور سرمایہ کاری، سائنس اور ٹیکنالوجی، اعلیٰ تعلیم، اور عوام کے عوام سے روابط جیسے وسیع شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط کرنے پر اتفاق کیا۔

4۔ ہندوستان کی جاری G-20 صدارت پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیر اعظم G-20 چوٹی کانفرنس کے لیے نئی دہلی میں وزیر اعظم سنک کے استقبال کے منتظر ہیں۔

ہیروشیما

21 2023 مئی